| Surname | | Other Names | |
|---|---|---|---|
| Centre Number | | Candidate Number | |
| Candidate Signature | | | |

Leave blank

General Certificate of Secondary Education
June 2005

**URDU** **3646/LH**
**Listening Test**
**Higher Tier**

H

Wednesday 25 May 2005 1.30 pm to 2.15 pm approximately
(including reading time)

**No additional materials are required.**

Time allowed: 40 minutes approximately
+ five minutes reading time before the test.

**Instructions to candidates**
- Use blue or black ink or ball-point pen.
- Fill in the boxes at the top of this page.
- Before the tape is started, you will be allowed **five** minutes during which you may read through the questions. You may make notes in this time.
- **Do not open this book until you are told to do so.**

This is what you should do for each item.
- Read the instructions and questions.
- Listen carefully to the recording and read the questions again.
- Listen to the recording again, and then answer the questions.
- Your teacher will pause the tape when you hear the tone, after the second hearing of each item, to give you time to write. You may write at any time during the test.
- In **Section A** answer the questions in **Urdu.**
- In **Section B** answer the questions in **English.**
- Write neatly and put down **all** the information you are asked to give.
- Ask any questions now. **There must be no questions or interruptions during the test.**

**Information for candidates**
- The maximum mark for this paper is 40.
- Mark allocations are shown in brackets.
- You must **not** use a dictionary at any time during this test.

| For Examiner's Use | | | |
|---|---|---|---|
| Page | Mark | Page | Mark |
| 2 / 3 | | | |
| 4 / 5 | | | |
| 6 / 7 | | | |
| 8 / 9 | | | |
| 10 / 11 | | | |
| 12 / 13 | | | |
| 14 / 15 | | | |
| 16 / 17 | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| Total (Column 1) → | | | |
| Total (Column 2) → | | | |
| TOTAL | | | |
| Examiner's Initials | | | |

# حصّہ (الف)

## سوال اور جواب اردو میں

1 سوال نمبر ا:  عامر دُکان دار سے بات کر رہا ہے۔

عامر نے پتلون کی قیمت کم کرنے کے لیے کیوں کہا؟

| | |
|---|---|
| A | وہ لمبی ہے |
| B | وہ مہنگی ہے |
| C | کوئی خرابی ہے |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*

آپ کے کچھ دوست صحّت کے بارے میں بات کررہے ہیں۔ (سوالات ۲، ۳، ۴)

اِن میں سے، کِن چیزوں پر بات ہورہی ہے؟

| | |
|---|---|
| A | ورزش |
| B | خوراک |
| C | صفائی |
| D | آرام |
| E | تمباکونوشی |
| F | خوش رہنا |

اُوپر دیے گئے صحیح جوابات کے انگریزی حروف نیچے خانوں میں لکھیں۔

سوال نمبر ۲ = ☐

2 (1 mark)

سوال نمبر ۳ = ☐

3 (1 mark)

سوال نمبر ۴ = ☐


4 (1 mark)

4


5 سوال نمبر ۵: ایک عورت موسم کے بارے میں بات چیت کر رہی ہے۔

(i) موسم کب، کیسا ہوتا ہے؟


A



B




C




D



E



F



صحیح جوابات کے انگریزی حروف نیچے خانوں میں لکھیں۔

صُبح = ☐

شام = ☐

رات = ☐

*(3 marks)*

(ii) وہ موسم کے بدلنے کے بارے میں کیا کہہ رہی ہے؟

| | |
|---|---|
| ہر مہینے بدل جاتا ہے | A |
| جلدی بدل جاتا ہے۔ | B |
| کبھی نہیں بدلتا | C |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ *(1 mark)*

**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**

*4*


علی اور شاذیہ اپنے مشغلوں کے بارے میں بتا رہے ہیں۔ (سوالات ٦ اور ٧)

دونوں کو ان میں سے کون سی دو چیزیں پسند ہیں؟


**A**




**B**




**C**




**D**




**E**




**F**



**G**



**H**



صحیح جوابات کے انگریزی حروف ہر نام کے آگے لکھیں۔

سوال نمبر ٦ = علی ☐ ☐

**6** *(2 marks)*

سوال نمبر ٧ = شاذیہ ☐ ☐

**7** *(2 marks)*

سوال نمبر ۸: حمید اپنے دوست سے ملنے جاتا ہے۔ **8**

(i) جمیل کب آئے گا؟

| | |
|---|---|
| A | دیر سے آئے گا |
| B | نہیں آئے گا |
| C | بہت جلد آجائے گا |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ *(1 mark)*

(ii) جمیل سے کب ملنے کے لیے کہا گیا تھا؟


| | |
|---|---|
| A | جب اُس کا دل چاہے |
| B | جتنی جلدی ہوسکے |
| C | جب کبھی وقت ملے |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ *(1 mark)*

9 سوال نمبر ۹: آپ کے دوست بتا رہے ہیں کہ وہ کس چیز میں ماہر ہیں۔

کون کیا کرسکتا/سکتی ہے؟


A




B



C




D



E



F



ہر ایک کے نام کے آگے صحیح جواب کا انگریزی حرف لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| مثال: | سلیم | E |
| (i) | نرگس | |
| (ii) | جمال | |
| (iii) | فاضل | |

*(3 marks)*

10 سوال نمبر ۱۰: آپ کا ہم جماعت اپنی چھٹیوں کے بارے میں بتا رہا ہے۔

## پہلا حصّہ

اُسے وہاں کیا اچھّا لگا؟

| A | B | C |
|---|---|---|
|  |  |  |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ *(1 mark)*

## دوسرا حصّہ

اُسے چیزیں دیکھ کر کیا ہُوا؟

| | |
|---|---|
| بھاگ گیا | A |
| ڈر گیا | B |
| حیرانی ہُوئی | C |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ *(1 mark)*

سوال نمبر ۱۱: سائرہ اور اس کے خاوند کے درمیان ٹیلی وژن دیکھنے پر بحث ہو رہی ہے۔ **11**

(i) سائرہ کے خیال میں ٹیلی وژن دیکھنے سے:

| | |
|---|---|
| **A** | وقت گزر جاتا ہے |
| **B** | وقت ضائع ہوتا ہے |
| **C** | فائدہ ہوتا ہے |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*

(ii) سائرہ کا خاوند آرام کے علاوہ اور کس فائدے کی بات کرتا ہے؟

نیچے اردو میں جواب لکھیں۔

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

*(1 mark)*

12

سوال نمبر ۱۲: جمیل اپنی ملازمت کے بارے میں بتا رہا ہے۔

پہلا حصّہ

جمیل کا کام کس قسم کا ہے؟

| | |
|---|---|
| A | مستقل ہے |
| B | دس سال کے لیے ہے |
| C | کم عرصے کے لیے ہے |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ (1 mark)

دوسرا حصّہ

آپ کے خیال میں وہ اپنے کام سے:

| | |
|---|---|
| A | تھک جاتا ہے |
| B | گھبرا جاتا ہے |
| C | خوش ہے |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ (1 mark)

4

13 سوال نمبر ۱۳: عارف اپنے دوست کو ایک واقعہ کے بارے میں بتا رہا ہے۔

پہلا حصّہ

(i) عارف کب باہر گیا تھا؟

| | |
|---|---|
| A | صبح کو |
| B | آدھی رات کو |
| C | شام کو |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*

(ii) اس واقعے کا اس پر کیا اثر ہُوا؟

| | |
|---|---|
| A | وہ شرمندہ ہُوا |
| B | وہ اُداس ہوگیا |
| C | وہ خوف زدہ ہوگیا |

صحیح جواب کا ایک انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*

سوال نمبر ۱۳:

دوسرا حصّہ

عارف کی بات پر کسی کو یقین نہ ہو سکا کیونکہ اُن کے خیال میں:

| | |
|---|---|
| A | اُس کی نظر کمزور ہے |
| B | اُسے شک گزرا |
| C | وہ جھوٹ بولتا ہے |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

☐ *(1 mark)*

**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**

3

14

سوال نمبر ۱۴: سلیم کے دوست نے ٹیلیفون پر یہ پیغام چھوڑا ہے۔

(i) وہ آج کیوں نہ مِل سکا؟

| | |
|---|---|
| A | وہ بھول گیا |
| B | وہ مصروف تھا |
| C | وہ بیمار تھا |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*

(ii) کس قسم کے مقابلے کی بات ہو رہی ہے؟ اُردو میں جواب لکھیں۔

..........................................................................................

*(1 mark)*

15

سوال نمبر ۱۵: انور اپنی سیر و سیاحت کے بارے میں بتا رہا ہے۔

جواب اردو میں لکھیں۔

(i) کشمیر جا کر انور کی خواہش کیسے پوری ہُوئی ؟

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

*(1 mark)*

(ii) انور نے یہ کیوں کہا " کشمیر کی کیا بات ہے"!

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

*(1 mark)*

**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**

4

سوال نمبر ۱۶: آپ مسجد میں ایک اعلان سُن رہے ہیں۔ **16**

(i) جلسے میں کون خطاب کرے گا؟

| | |
|---|---|
| **A** | عربی کے استاد |
| **B** | سیاسی رہنما |
| **C** | مذہبی عالم |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ *(1 mark)*

(ii) حج اور قربانی کے علاوہ اور کس موضوع پر بات چیت ہوگی؟

جواب اردو میں لکھیں۔

.............................................................................................................................................

.............................................................................................................................................
*(1 mark)*

LEAVE MARGIN BLANK

## SECTION B

Questions and answers in **English.**

**17** Samina is talking about her current situation.

Why do you think Samina is going through a difficult time? Give **two** details.

1 ..........................................................................................................................................

2 ..........................................................................................................................................

*(2 marks)*

**18** You are listening to a conversation between Saleem's parents.

(i) How does the conversation suggest Saleem's mother and father have different attitudes towards him?

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

*(2 marks)*

(ii) What does Saleem's father believe will be the result of Saleem's behaviour?

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

*(1 mark)*

**19** Saleem is expressing his views about young people.

(i) What sort of change is Saleem recommending for young people?

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

*(1 mark)*

(ii) According to Saleem, what can be achieved from this change? Give **two** details.

1 ..........................................................................................................................................

2 ..........................................................................................................................................

*(2 marks)*

**END OF TEST**

*10*

General Certificate of Secondary Education
June 2005

**URDU** **3646/LH/T**
**Listening Test Transcript**
**Higher Tier**

**FOR INVIGILATOR'S USE ONLY**

Wednesday 25 May 2005 1.30 pm to 2.15 pm approximately (including reading time)

Time allowed: 40 minutes approximately
+ 5 minutes reading time before the test

- This is what you should do for each item.
- Read the instructions and questions.
- Listen carefully to the recording and read the questions again.
- Listen to the recording again, and then answer the questions.
- Your teacher will pause the tape when you hear the tone, after the second hearing of each item, to give you time to write. You may write at any time during the test.
- In **Section A** answer the questions in **Urdu.**
- In **Section B** answer the questions in **English.**
- Write neatly and put down **all** the information you are asked to give.
- Ask any questions now. **There must be no questions or interruptions during the test.**
- **The test starts now.**

## حصّہ (الف) سوال اور جواب اردو میں

۱: **مرد:** یہ دیکھیے صاحب! اس پتلون میں تھوڑا سا نقص ہے۔ اگر آپ کچھ رعائت کر دیں تو مہربانی ہوگی۔

۲: **عورت:** جب میں بہت تھک جاتی ہوں، تھوڑی دیر کے لیے آنکھیں بند کر کے اپنی تھکن دور کر لیتی ہوں۔ دن کے دوران فارغ وقت میں تھوڑا سا سونے سے بھی بہت سکون ملتا ہے۔

۳: **مرد:** میں اپنے آپ کو صحّت مند رکھنے کے لیے روزانہ دوڑ لگاتا ہوں۔ کھیل کُود میں حصّہ لیتا ہوں اور وزن اُٹھاتا ہوں۔

۴: **مرد:** بھئی میں تو سمجھتا ہوں کہ ہماری غذا کا ہماری صحّت پر بہت اثر پڑتا ہے۔ اس لیے میں مناسب غذائیں کھاتا ہوں۔ چکنائی سے پرہیز کرتا ہوں۔ پھل اور سبزیاں تو مجھے خاص طور پر پسند ہیں۔

۵: **عورت:** انگلستان کا موسم بدلتے دیر نہیں لگتی۔ صبح کو اگر تیز دھوپ ہے تو شام کو زوردار بارش، اور رات کو تو شدید سردی کی وجہ سے برف باری بھی ہو سکتی ہے۔

۶: **شاذیہ:** علی! آپ اپنے فالتو وقت میں کیا کرنا پسند کرتے ہیں؟

**علی:** مجھے شطرنج کھیلنا اچھّا لگتا ہے۔ اس سے میں ذہنی طور پر چُست محسوس کرتا ہوں۔ اس کے علاوہ میں باغبانی بھی کرتا ہوں کیونکہ مجھے پھولوں سے بے حد پیار ہے۔

۷: **علی:** شاذیہ! آپ کو کیا پسند ہے؟

**شاذیہ:** مجھے دوسرے ملکوں کے ٹکٹ اکٹھے کرنے کا بہت شوق ہے۔ جب بھی بیرونی ممالک سے کوئی خط آتا ہے میں فوراً اُس کا ٹکٹ اُتار لیتی ہوں۔ اس کے علاوہ جب بھی فرصت ملتی ہے میں تیراکی کے لیے جاتی ہوں کیونکہ تیرنا صحّت کے لیے بہت مفید ہے۔

۸: **عورت:** آؤ بیٹا آؤ۔ جمیل ذرا چہل قدمی کے لیے باہر گیا ہوا ہے۔ ابھی آتا ہی ہوگا۔

**حمید:** معاف کیجیے خالہ جان! اب تو میں اجازت چاہوں گا۔ جمیل کو میرا پیغام دینا کہ وہ مجھ سے فوراً ملے۔ مجھے اس سے بے حد ضروری کام ہے۔

۹: **مثال:** سلیم! آپ کیا کام کرتے ہیں؟

**سلیم**۔ میں لکڑی سے مختلف اشیاء بنا سکتا ہوں۔

**نرگس!** آپ کس چیز میں ماہر ہیں؟

**نرگس**۔ مجھے سینے پرونے کے علاوہ کشیدہ کاری بہت اچھّی طرح آتی ہے۔ کپڑوں پر طرح طرح کے بیل بوٹے بنا سکتی ہوں۔

**جمال!** آپ کیا کرتے ہیں؟

**جمال**۔ گھر کی اندرونی یا بیرونی آرائش اور رنگ وروغن کروانا ہو تو میں حاضر ہوں۔

**فاضل!** تم بھی بتاؤ۔

**فاضل**۔ بھئی میں آپ کی طرح بہت بڑا ماہر تو نہیں البتہ پتنگ بنانے میں مہارت رکھتا ہوں۔ میں ہر شکل وصورت کی پتنگ بنا سکتا ہوں۔

۱۰: **پہلا حصّہ:** گرمیوں کی چھٹیوں کے پہلے ہفتے میں اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ ساحلِ سمندر پر گیا تھا۔ وہاں ہم خوب گھومے پھرے۔ کشتی کی سیر کا بے حد لُطف آیا۔

**دوسرا حصّہ:** دوسرے ہفتے ہم لوگ لندن کا تاریخی عجائب گھر دیکھنے گئے۔ میں وہاں عجیب وغریب قدرتی نمونے اور تاریخی اشیاء دیکھ کر حیران رہ گیا۔

۱۱: **عورت:** یہ ہر وقت ٹیلیوژن کے سامنے بیٹھے رہنا مجھے قطعی پسند نہیں۔ یہ تو سراسر وقت کا زیاں ہے۔

**مرد:** کام سے تھک کر انسان واپس گھر آتا ہے تو کیا اسے اتنا حق بھی نہیں کہ تھوڑی دیر آرام کرلے۔ اسی بہانے کچھ تفریح بھی ہو جائے تو کیا حرج ہے۔

۱۲: **پہلا حصّہ:** اچھّی ملازمت کا ملنا اتنا آسان کام نہیں ہے۔ میں ایک سال سے کام کی تلاش میں ٹھوکریں کھاتا رہا ہوں۔ بے شمار درخواستیں دیں تب جا کر ایک عارضی ملازمت کی پیش کش ہُوئی۔

**دوسرا حصّہ :** میری سالانہ آمدنی اتنی زیادہ نہیں ہے۔گزارہ بڑی مشکل سے ہوتا ہے مگر کام بہت دلچسپ ہے اور ترقّی کے مواقع بھی کافی زیادہ ہیں۔اس لیے میں کافی حد تک مطمئن ہوں۔

۱۳: **پہلا حصّہ :** یار ندیم! ایک دفعہ میرے ساتھ ایک عجیب واقعہ پیش آیا۔غروبِ آفتاب کے وقت میں ہواخوری کے لیے باہر نکلا تو دیکھا کہ ایک آدمی جس کا چہرہ انتہائی خوفناک تھا، ایک درخت کے نیچے کھڑا ہے۔پھر وہ آنکھ جھپکتے ہی نظر سے اوجھل ہو گیا۔میں جو دہشت کے مارے وہاں سے بھاگا تو گھر آ کر دم لیا۔

**دوسرا حصّہ :** پھر کیا ہُوا؟

**ندیم :** میں نے گھر والوں کو یہ واقعہ سنایا تو کسی نے بھی میری بات پر یقین نہ کیا اور اسے میرا وہم قرار دیا۔

۱۴: **ہیلو سلیم!** میں وقاص بول رہا ہوں۔مجھے افسوس ہے میں تم سے آج نہ مل سکا۔مجھے فوری طور پر کہیں جانا پڑا۔اب میں تمہیں کل شام کو بزمِ ادب کے جلسے میں ملوں گا۔اور ہاں سلیم! اپنے بھائی سے کہنا کہ وہ مشاعرے میں ضرور شرکت کرے۔اپنی کچھ غزلیں اور نظمیں لیتا آئے۔وہاں شعروشاعری کا زبردست مقابلہ ہونے والا ہے۔

۱۵: عرصۂ دراز سے ایک ایسی جگہ دیکھنے کی آرزو تھی جو انتہائی پُرسکون ہو اور وہ موقع مجھے پاکستان کی سیروسیاحت کے دوران کشمیر کی صورت میں ملا۔کشمیر کی کیا بات ہے! ہر طرف بلند و بالا چوٹیاں، سرسبز وادیاں اور دلکش مناظر۔ میں تو بس دیکھتا ہی رہ گیا۔

۱۶: **ایک ضروری اعلان سُنیے !** کل نمازِ عشاء کے بعد ایک مذہبی جلسہ ہوگا۔جس میں پاکستان سے آئے ہوئے عالمِ دین، حج اور قربانی کے مسائل کے علاوہ والدین کے حقوق وفرائض پر بھی خطاب کریں گے۔

**SECTION B**

**Questions and answers in English**

۱۷: میں یہ سوچ کر اکثر اُداس ہو جاتی ہوں کہ میرے ساتھ ہی ایسا کیوں ہوتا ہے؟ انعامی مقابلوں میں حصّہ لیا تو پیچھے رہ گئی۔ امتحان میں کامیابی کی امید تھی تو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا۔ آخر میری قسمت کب میرا ساتھ دے گی!

۱۸: **باپ:** سلیم! یہ بھی کوئی آنے کا وقت ہے۔ رات کے بارہ بج چکے ہیں۔ آئے دن رات کو دیر سے آنا اور کلبوں میں جانا تمہارا معمول بن چکا ہے۔ یہ آوارہ گردی اور لاپرواہی تمہیں کہیں کا نہیں چھوڑے گی۔

**ماں:** اب جانے بھی دو، یہ کوئی دودھ پیتا بچّہ نہیں۔ ماشااللہ جوان ہے اور اپنا بُرا بھلا خود سمجھتا ہے۔

**باپ:** سائرہ! یہ آپ نہیں آپ کی ممتا بول رہی ہے۔ آپ کو تو اپنے بیٹے کی کسی بات میں کوئی خرابی نظر ہی نہیں آتی۔

۱۹: ایسے معاشرے اور ماحول میں رہ کر کون کامیاب ہو سکتا ہے جہاں انسان پرانے رسم و رواج اور روائتوں کا پابند ہو کر رہ جائے۔ اب زمانہ بدل چکا ہے۔ ہر نوجوان کو اپنی پہچان اور ایک مناسب روزگار کے لیے جدید طرزِ زندگی کو اپنانا پڑتا ہے۔ آپ اسے بغاوت کہہ لیں یا اپنی مدد آپ!

**END OF TEST**

**BLANK PAGE**

**BLANK PAGE**

**BLANK PAGE**

Copyright © 2005 AQA and its licensors. All rights reserved.